SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

*For immediate Release*

**June 9, 2016**

ایس ای سی پی نے گارنٹی بزنس کے فریم ورک کا مسودہ جاری کر دیا

اسلام آباد(۹جون)سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کریڈٹ اینڈ شیورٹی شپ (کنڈیکٹ آف بزنس) کے قواعد 2016 کا مسودہ شراکت داروں اور عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و ادارے تیس دن کے اندر اس مسودہ پر اپنی آراء اور تجاویز سے کمیشن کو آگاہ کر سکتے ہیں۔

یہ جامع قواعد گارنٹی کے کاروبار کو ریگولیٹ کرنے کے لئے بین الاقوامی معیارات کر مد نظر رکھتے ہوئے ترتیب دئے گئے ہیں تاکہ انشورنس پالیسی ہولڈرز کے مفادات کو بہتر تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے، انشورنس کے کاروبار پر عوام کے اعتماد کو بڑھایا جا سکے اور ملک میں انشورنس کو فروغ حاصل ہو۔ ان قواعد کے ذریعے انشورنس کمپنیوں کو سرمایہ کاری پر رسک لینے کو محدود کیا گیا ہے اور انشورنس کمپنیوں کو ایک خاص حد تک خصوصی ریزور برقرار رکھنے کا پابند کیا جانے کی تجویز شامل ہے تاکہ کسی بھی وقت اگر دی گئی گارنٹی کو تحلیل کرنا پڑے تو اس ادا کیا جا سکے۔ مزید، قواعد کے مسودہ میں انشورنس کمپنیوں کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ پرائسنگ اور انڈر رائٹنگ پالیساں تشکیل دیں اور انہیں کمیشن کو جمع کروائیں۔ اس کے علاوہ انشورنس کمپنیوں کو پابند کیا گیا ہے کہ جاری کی گئی گارنٹیوں کے بارے میں کمیشن کو سالانہ بنیادوں پر رپورٹ کریں۔

امید ہے کہ کریڈٹ اینڈ شیورٹی شپ کے قواعد نافذ ہونے سے انشورنس کے پالیسی ہولڈرز کا اعتماد بڑھے گا اور ملک میں انشورنس کے اجحان میں اضافہ ہو گا۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk